# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہوجائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: فارسی زبان وادب۔I (5621) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: ایم اے (اردو)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال 1- قدیم ایرانی لہجوں کو کتنے گروہوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟ نیز بتائیں کہ موجودہ فارسی پر کس زبان کے زیادہ اثرات ہیں؟ (20)

سوال 2- سلجوقی اور تیموری ادوار میں فارسی ادب کی کیا صورت حال تھی؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال 3- فارسی ادب کی تاریخ میں کس دور کو زریں کہا جاسکتا ہے اور کیوں؟ دلائل سے بات کریں۔ (20)

سوال 4- برصغیر میں فارسی کی آمد اور اشاعت پر مضمون قلم بند کریں۔ (20)

سوال 5- غزنوی دور میں فارسی نظم ونثر کے فروغ کے کیا اسباب ہیں؟ اہم نظم اور نثر نگاروں کا مختصر تعارف کرائیں۔ (20)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 5 تا 9)

سوال 1- اردو نے فارسی زبان کے الفاظ کو اپنی ضرورت کے تحت کس طرح ڈھالا؟ مفصل بیان کریں۔ (20)

سوال 2- ضمیر کی تعریف کریں نیز ضمیر کی اقسام مثالوں کی مدد سے بیان کریں۔ (20)

سوال 3- فعل ماضی اور اس کی اقسام کو مثالوں کی مدد سے واضح کریں۔ (20)

سوال 4- مصدر کی کتنی قسمیں ہیں؟ مثالوں کی مدد سے واضح کریں۔ (20)

سوال 5- فارسی زبان میں اضافت کی اہمیت پر روشنی ڈالیں، نیز اضافت کی اقسام بتاتے ہوئے ہر قسم کے لیے دس مثالیں دیں۔ (20)